## بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے اسلام اور ملک دشمن ہیں، الطاف حسین

## دہشت گرد پاکستان کو غیر مستحکم اور دنیا بھر میں بدنام کرنا چاہتے ہیں

## صوبہ سرحد کے شہر ہنگو کے علاقے ٹل بازار میں خودکش دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔5، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے شہر ہنگو کے علاقے ٹل بازار میں خودکش دھماکے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو دہشگر دی کا نشانہ بنانے والے اسلام اور ملک دشمن ہیں جو دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے پاکستان کو غیر مستحکم اور دنیا بھر میں بدنام کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ہنگو میں خودکش حملے کو سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید مؤثر اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف کی آٹھویں سالگرہ

## کراچی سمیت ملک بھر میں رنگارنگ تقریبات کا انعقاد، مرکزی اجتماع نائن زیرو پر ہوا، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد میں خصوصی شرکت

## الطاف حسین کی ہمشیرہ سائرہ بانو نے کیک کاٹا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف کی آٹھویں سالگرہ جمعہ کو کراچی سمیت ملک بھر میں شایان شان طریقے منائی گئی، تاہم اس سلسلے میں ایک مرکزی اجتماع کراچی میں جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر ہوا جس میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ اور افضاء الطاف کی پھوپھی محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں نے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ بڑی تعداد میں شرکت کی۔سالگرہ کا کیک محترمہ سائرہ خاتون نے کاٹا اور تقریب میں شریک بچوں میں خصوصی تحفے تحائف بھی تقسیم کیے، اس موقع پر افضاء الطاف کے دیگر عزیز واقارب بھی موجود تھے، سالگرہ کی تقریب میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور انیس احمد قائمخانی سمیت دیگر اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سابق ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، حق پرست سابق بلدیاتی عوامی نمائندے، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران کے علاوہ سینکڑوں بچوں نے خصوصی طور پر شرکت کی اور افضاء الطاف اور قائد تحریک الطاف حسین کو سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی۔نائن زیرو پر بے بی افضاء الطاف کی سالگرہ کی تقریب کے سلسلے میں رنگارنگ خصوصی انتظامات کیے گئے تھے اور نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل سمیت قرب وجوار کی عمارتوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں اور غباروں سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔اس موقع پر سالگرہ کے نغموں کی دھنیں بجائیں گئیں جبکہ پنڈال میں موجود چلتے پھرتے کارٹون بچوں کی توجہ کا مرکز رہے سالگرہ کی تقریب کے سلسلے میں نائن زیرو کے سامنے اسٹیج بنایا گیا تھا اور شرکاء کی نشستوں کیلئے کرسیوں کا اہتمام کیا گیا تھا جس پر مہمان اپنی فیملیوں کے ہمراہ براجماں تھے۔جیسے ہی افضاء الطاف کی پھوپھی محترمہ سائرہ خاتون نے سالگرہ کا کیک کاٹا پورا پنڈال ''جنگل میں منگل تیرے ہی دم سے......آج سالگرہ کا دن آیا ہے، ہپی برتھ ڈے ٹو یو، مبارک مبارک......سالگرہ مبارک'' کے نغموں سے گونج اٹھا۔اس موقع پر شرکاء ایک دوسرے پر جھاگ کے اسپرے کرتے رہے اور بچے تالیوں اور سالگرہ کے نغموں پر رقص کرتے نظر آئے۔بے بی افضاء الطاف کی سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر بچوں کیلئے میجک شو دیگر پروگرام بھی پیش کیے گئے جس سے تقریب میں موجود بچے محظوظ ہوئے اور انہوں نے تالیاں بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔تقریب میں کراچی کے معروف گلوکاروں عمران جاوید، صفدر ضیاء اور بشیر ضیاء سمیت دیگر گلوکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے سالگرہ کے نغمے پیش کیئے۔دریں اثناء بے بی افضاء الطاف کی آٹھویں سالگرہ تقریبات کرچی کی طرح سندھ کے شہروں حیدرآباد، میرپور خاص، سکھر، نوابشاہ، بدین، ٹھٹھہ، لاڑکانہ، جیکب آباد، شکارپور، کشمور، خیرپور، کھوٹکی، نوشیرو فیروز، دادو، سانگھڑ، ٹنڈو والہیار، جامشور، عمرکوٹ، اور قمبر شہداد کوٹ کے علاوہ اسلام آباد، پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے صوبائی وضلعی دفاتر میں بھی سالگرہ کی تقریبات منعقد کی گئی جہاں ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران نے بے بی افضاء کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔

## معاشرہ تعلیم یافتہ ہوگا تو ملک ترقی کرے گا، ڈاکٹر محمد فاروق ستار

## تعلیم کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں کوئی بھی قوم تعلیم کے حصول کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی، طارق میر

## موجودہ تعلیمی نظام ایک دھوکہ ہے جس میں غریبوں سے امتیاز برتا جارہا ہے، مصطفیٰ کمال

## الطاف حسین کی خواہش ہے کہ علم کا چراغ ان علاقوں میں بھی روشن کیا جائے، ذکیہ زبیری

## بین الاقوامی فلاحی اادارے سن کے زیراہتمام سن اکیڈمی کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناحؒ ایک جمہوری ترقی پسند اور تعلیم یافتہ ملک کا تصور رکھتے تھے، الطاف حسین بھی ملک میں بہترین تعلیم اور جمہوریت کے خواہاں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز بین الاقوامی فلاحی ادارے سن کے زیراہتمام پاکستان کے پہلے سلیف فنانس اسکول سن اکیڈمی کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی، طارق میر، شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، رضا ہارون، ڈاکٹر نصرت، مصطفیٰ کمال، کنور نوید جمیل، اشفاق منگی، واسع جلیل، شاہد لطیف اور سیف یار خان کے علاوہ حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، بلدیاتی اداروں کے نمائندے، صنعت کار، تاجر اور ماہر تعلیم نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں ڈاکٹر فاروق ستار نے سن اکیڈمی کے مینجنگ ٹرسٹیز طارق میر، ڈاکٹر سلیم دانش، انجینئر احسن اور ذکیہ زبیری کے ہمراہ سن اکیڈمی کا افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سن چیریٹی ٹرسٹ کی جانب سے سن اسکول کے قیام سے قائد تحریک الطاف حسین کا ایک اور خواب پائیہ تکمیل تک پہنچ گیا ہے۔عوام مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہیں الطاف بھائی کی جانب سے سن اکیڈمی کے نام سے ایک بہترین درس گاہ ملی کیونکہ معاشرہ تعلیم یافتہ ہوگا تو ملک ترقی کرے گا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین صرف زبانی باتیں نہیں کرتے بلکہ عمل کر کے دکھاتے ہیں۔سن اکیڈمی آخری اسکول نہیں بلکہ سلسلہ نہ ختم ہونے والا ہے جس میں برائے نام پیسوں میں مفت تعلیم، مفت یونیفارم، مفت کتابیں، مفت کھانا اور مفت ٹرانسپورٹ شامل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے مگر ہمارے پاس ٹیکنالوجی نہیں ہے، ہم پیداوار نہیں بلکہ انسانوں کی پیداوار بڑھا رہے ہیں، آج ملک میں گندم، شکر، آٹے بجلی اور گیس کا بحران ہے جبکہ ہم دن بہ دن وولڈ بینک اور انٹرنیشنل مانیٹرنگ فنڈ (IMF) کے قرضوں کے مقروض ہوتے جارہے ہیں کیونکہ ہمارے پاس تعلیم کی کمی ہے، ہمارے پاس انسانی زرائع اور وسائل موجود ہیں اور اگر ہم اپنی عوامی قوت کو استعمال کریں تو معاشی انقلاب آسکتا ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و سن اکیڈمی کے مینجنگ ٹرسٹی طارق میر نے کہا کہ سن اکیڈمی پاکستان کا پہلا سلف فنانس اسکول ہے جہاں غریب ومتوسط طبقے کے بچوں کو تعلیم دی جائیگی۔الطاف حسین نے اپنا خواب اور ویژن ہمارے سامنے بیان کیا تھا اور ہم نے انتہائی کم وقت میں اس خواب کو تعبیر کر دکھایا۔تعلیم کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں کوئی بھی قوم تعلیم کے حصول کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی اور کوئی بھی ملک سپر پاور اسلحہ اور بارود سے نہیں بلکہ تعلیم سے سپر پاور بنتا ہے ہمارے ہاں اسکول کمائی کا ذریعہ بن کر صنعت کا درجہ اختیار کیا گیا ہے جہاں تعلیم کا کوئی میعار نہیں صرف نام کے اسکول چل رہے ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی شکل میں ایک ایسا لیڈر موجود ہے جو خالصتاً عوام کے بارے میں سوچتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ الطاف حسین کا خواب تھا جو آج کے دن سن اکیڈمی کی صورت میں تعبیر کو پہنچا، سن اکیڈمی اہلیاں فیڈرل بی ایریا کیلئے خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف کالے، پیلے اور لال اسکول ہیں جبکہ دوسری جانب او لیول اور اے لیول کے کیمرج اسکول ہیں اور ان دونوں اسکولوں کے بچوں کا سوچنے سمجھنے کی صلاحیت برابر نہیں ہوسکتی۔تقریب سے ذکیہ زبیری نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج کا دن شہر قائد کیلئے اہمیت کا حامل ہے، الطاف حسین کی خواہش تھی کہ ایسے والدین جو بھاری فیس ادا نہیں کرسکتے ان کے بچوں کے بہتر مستقبل اور تعلیم و تربیت کیلئے ایسا تعلیمی ادارہ قائم کیا جائے جیسا کہ آج ہم افتتاح کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وڈیرہ شاہی کا مقابلہ تلوار سے نہیں بلکہ تعلیم سے ممکن ہے، الطاف حسین نے علم کا چراغ ان علاقوں میں روشن کیا جائے جہاں علم کا سورج جانے سے ڈرتا ہے۔

## الطاف حسین کے سگے خالہ زاد بھائی نظام الدین مرحوم کا چہلم آج 6 مارچ کو ہوگا

کراچی۔۔۔5/مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے سگے خالہ زاد بھائی نظام الدین مرحوم کا چہلم ہفتہ 6 مارچ کو مرحوم کی رہائشگاہ واقع D-64 بلاک 5 فیڈرل بی ایریا میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا رابطہ کمیٹی کے ارکان قاسم علی رضا اور شاکر علی سے اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔5/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا کی بھابھی اور رکن رابطہ کمیٹی شاکر علی کی نانی زیب النساء کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے قاسم علی رضا اور شاکر علی سمیت مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان نے بھی رابطہ کمیٹی کے ارکان قاسم علی رضا کی بھابھی اور شاکر علی سے ان کی نانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## روزنامہ جنگ پبلشر کے سابق انچارج مظفر محمد علی کے انتقال پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔ 5 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ جنگ پبلشر کے سابق انچارج مظفر محمد علی کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مظفر محمد علی مرحوم کی بیوہ اور تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مظفر محمد علی مرحوم کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور مرحوم کے تمام سوگوار اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

## اے پی ایم ایس او میرٹ کو عام کرنے اور دوہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو ختم کرنے کی جدوجہد کررہی ہے،منہاج الا ابراہیم

کراچی۔۔۔5،مارچ2010ء

میرٹ کو عام کرنے کیلئے دوہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو ختم کرنا ہوگا موجودہ نظام نے تعلیمی اداروں سے میرٹ کو ختم کردیا جس کے باعث باشعور طلبہ وطالبات میں مایوسی پھیل رہی ہے،اے پی ایم ایس او شروع دن سے دوہرے طبقاتی نظام کے خلاف جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات اظہار آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مرکزی نشرواشاعت سیکریٹری منہاج الا ابراہیم نے آدمجی کالج میں سیکٹر ایف کے تحت ''دوہرے طبقاتی تعلیمی نظام......طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت'' کے عنوان سے منعقدہ تقریری مقابلے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریری مقابلے میں اساتذہ کرام اور طلبہ وطالبات نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور بڑی تعداد میں شرکت کی،اس موقع پر مقررین نے اپنی شعلہ انگیز تقریروں سے شرکاء کو محظوظ کیا۔تقریری مقابلے میں مختلف کالجز پر مبنی اساتذہ کرام نے منصفین کے فرائض انجام دیئے اور نمایاں پوزیشن حاصل کرن والے طلبہ وطالبات میں انعامات واعزازی شیلڈ تقسیم کی۔منہاج الا ابراہیم نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے غریب ومتوسط طبقے کے باشعور طلبہ وطالبات پر تعلیم کے دروازے بند کرنے کیلئے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو جنم دیا تاہم قائد تحریک الطاف حسین نے نظام کو جڑ سے اکھاڑنے کا بیڑا اٹھایا ہے اور آج مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے عوام ہی نہیں بلکہ بزرگ،نوجوان اور خواتین بھی کے ساتھ ہیں۔انہوں نے تقریری مقابلے میں اول،دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کو مبارکباد پیش کی۔

## اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے تحت تقریری مقابلہ کا انعقاد ہفتہ 6 مارچ کو ہوگا

کراچی....6مارچ2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر بی کے تحت ''دوہرا طبقاتی تعلیمی نظام اور طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت'' کے عنوان سے تقریری مقابلوں کا انعقاد ہفتہ 6 مارچ کو پریمیئر کالج نارتھ ناظم آباد میں ہوگا جس میں مختلف جامعات وکالجز کی طلبہ وطالبات حصہ لے رہے ہیں۔تقریری مقابلے میں حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے اس تقریری مقابلہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں اسناد بھی تقسیم کی جائینگی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔5، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کلفٹن ڈیفنس سیکٹر یونٹ C-38 کے جوائنٹ یونٹ انچارج سلمان کی والدہ کلثوم بی، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن شکیل خان، ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 193 کے کارکن شمس الدین کے بھائی نظام الدین اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن محمد صابر قریشی کی والدہ فاطمہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیت بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆